Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۶ شوال ۱۳۴۴ھ مطابق ۱۹ اپریل ۱۹۲۶ء	نمبر ۱۶

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر الاؤنس مدرس ٹریننگ و تقرر یک کس سپاہی	۱ و ۲
۲	متعلق محمد پال حلف تکمیل و دیگر انتظامات	۲
۳	رخصت حافظ ظفر علی خان صاحب	۳
۴	" ڈاکٹر محمد یعقوب علی	"
۵	اضافہ مشاہرہ	"
۶	" ...	"
۷	نقشہ ...	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۴ اپریل ۱۹۲۶ء

در بارہ تقرر دس روپیہ ماہوار الاؤنس مدرس ٹریننگ برائے یکسال و نیز منظوری تقرر یک کس چپراسی بمشاہرہ سات روپیہ برائے یکسال

حسب صراحت مندرجہ رپورٹ مدرس ٹریننگ مشاہرہ دار بیس روپیہ ماہوار کو دس روپیہ ماہانہ الاؤنس عارضی طور پر ایک سال کے لئے دیا جانا منظور ہے

اور ایک چپراسی تنخواہ دار ساٹھ روپیہ ماہوار کی بھی ایک سال کے لئے
عارضی طور پر منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذ بغرض اجرائے احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

میر ساند

بعز عرض

جناب عالی

مدارس مفصلات کی اسکیم جدید جسکا اجرا یکم اکتوبر ۱۹۲۵ء سے ہوا ہے۔
اسمیں ایک ٹریننگ کلاس مدرسہ مڈل میں جاری کرنا تجویز کیا گیا تھا۔
لیکن چونکہ ابھی ٹریننگ کلاس کے لئے طلبا باشندۂ شہر فراہم نہیں ہوئے۔ لہذا
امسال اسکا اجرا ملتوی کردیا گیا ہے اور بجائے اسکے یہ تجویز ہے کہ مدرس
ٹریننگ کلاس مفصلات کے مدارس میں مسلسل دورہ کرتا رہے اور ہر مدرسہ میں
چند روز رہکر مدرس کو اصول تعلیم سکھائے۔ یہ صورت نہایت مفید ہوگی۔
گورنمنٹ انگریزی میں بھی آن ٹرینڈ استادونکو اس قسم کی تعلیم دینے کا
قاعدہ ہے۔ مدرس ٹریننگ کو اسوقت بیس روپیہ ماہوار تنخواہ ملتی ہے اس جدید
تجویز میں اسکو دس روپیہ ماہوار الاونس دینا مناسب ہوگا۔ اور اس
ضرورت سے کہ مدرس ٹریننگ کو کسی مدرسہ میں پہنچکر مدرس کو بلانا ہو۔
یا کوئی کاغذ بھیجنا ہو ایک چپراسی ساٹھ روپیہ ماہوار کا جدید ملازم رکھا
جائیگا۔ یہ کل انتظام ایکسال کے لئے عارضی ہوگا۔ ٹریننگ کی مجوزہ رقم
بجٹ میں کافی ہے۔ لہذا عرضداشت ہذا بامید صدور حکم منظوری ارسال
اجلاس ہمایوں ہے۔ دولت و اقبال جاوید باد

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر ...

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔

المرقوم ۱۰؍اپریل ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع پنجم اپریل ۱۹۲۶ء

مرزا خورشید حسن محرر مال حضور تحصیل کا سلسلہ شکایت فروری ۱۹۲۶ء سے
شروع ہوا ہے۔ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل نے انکے وقت پر نہ آنے اور
کام نہ کرنے کی شکایت کی تھی اسی سلسلہ میں رقوم ناجائز وصول کرنیکی شکایت
محرر مال کی آئی ابھی ان کاغذات پر حکم نہیں ہوا تھا کہ محرر مال نے تحصیل میں رخصت کی
درخواست کی اور چارج دینے میں ٹال ٹول کرتا رہا۔ بالآخر اجلاس سے حکم دیا گیا
کہ اس سے بجبر چارج کسی اہلکار کو تحصیلدار صاحب دلوادیں محرر متفرقات کو
تحصیلدار صاحب نے چارج دلوادیا۔ اور محرر مال نے تحریر لکھدی کہ اب میرے
پاس کوئی کاغذ وغیرہ نہیں ہے۔ لیکن اسکے بعد محرر مال کے والد کے ہاتھ سے
تحصیلدار صاحب نے محرر متفرقات کو محرر مال کے مکان پر بھیجا تو (۱۸۹) اشتمال
اور مبلغ ۳؍ نقد محرر مال نے محرر متفرقات کو باخذ رسید دیئے جسکے متعلق
مفصل رپورٹ تحصیلدار صاحب معروضہ ۳۰ مارچ ۱۹۲۶ء شامل ہے۔ تحصیلدار
صاحب نے لکھا ہے کہ پہلے محرر مال نے لکھا تھا کہ کوئی کاغذ میرے پاس نہیں ہے
اب یہ کاغذات بھیجے۔ اس سے یہ اندیشہ ہے کہ اور کاغذات بھی محرر مال کے
پاس ہوں۔ رجسٹروں کے مقابلہ کے لئے طلب کیا جاتا ہے تو بیماری و رخصت کا
عذر کہلا بھیجتے ہیں کوئی رخصت محرر مال کی منظور نہیں ہوئی ہے۔ اور وہ کچہری سے
غیر حاضر ہے۔ کام نہیں کرتا نہ کام پورے طور پر دوسرے اہلکار کو سمجھاتا ہے

لہذا حکم ہوا کہ

خورشید حسن محرر مال بعصورات مندرجہ تاریخ غیر حاضری سے معطل کیا جائے
اور اسکو مسکن پر اطلاع دیجائے کہ فوراً حاضر کچہری ہوکر جملہ کاغذات جو اور باقی
ہوں وہ دے اور رجسٹروں سے خارجہ کاغذات کا مقابلہ کرادے اگر وہ حاضر
نہیں ہوا اور کاغذات آسنے صاف نہیں کئے تو سخت حکم اسکے متعلق دیا جائیگا
احکام جاری ہوکر روبکار ہذا مع مثل متعلقہ پاس تحصیلدار صاحب حضور تحصیل
مرسل ہوکر پانچوں اشتمال شدہ کی کارروائی جلد ختم کیجائے اور صیغہ جات
متعلق میں بھیجی جائیں۔ اور کاغذات متعلقہ ان اشتمال کے تلاش
کئے جائیں۔ کلہ داخل کی مثل میں اجرائے احکام منظوری بند و بست ابھی
نہیں ہوا ہے۔ فوراً بعد تکمیل وہ مثل اجلاس متعلق میں بھیجی جائے۔ تاکہ اجرائے
احکام بند و بست ہو جائے۔ کاغذات ہذا میں محرر مال پر بعد میں حکم ہوگا
رپورٹ ختم چارج کی مفصل تحصیلدار صاحب بعد اطمینان جلد بھیجیں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۷ اپریل ۱۹۲۶ء

مثنہ تحریر حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت یکماہ محافظ دفتر کلیات صدر بغرض حصول زیر پنشن و اطلاع نہ حاصل کرنے رخصت و بیان حال

حکم

رخصت یکماہ محافظ دفتر کلیات بذمہ داری نائب محافظ دفتر کلیات منظور ہے۔ نگرانی محافظ دفتر صدر حامد علی خان کی رہیگی۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۵ اپریل ۱۹۲۶ء

مثنہ تحریر صاحب چیف میڈیکل افسر دربارہ منظوری رخصت رعایتی بارہ یوم از ۱۶ اپریل ۱۹۲۶ء ڈاکٹر محمد اعظم کاظمی

حکم

ڈاکٹر محمد اعظم کاظمی کی رخصت رعایتی ۱۲ یوم ۱۶ اپریل ۱۹۲۶ء سے منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

اضافہ

یکم اپریل ۱۹۲۶ء

مثنہ درخواست منشی صفدر علی خان پیشکار کنٹرولر آفس شاہرہ بست روپیہ معہ صاحب کنٹرولر آف ہاؤس ہولڈ دربارہ پانچ روپیہ اضافہ بوجہ قلت تنخواہ و حسن انجام خدمات

حکم

حسب سفارش جناب صاحب کنٹرولر ہاؤس ہولڈ تین روپیہ ماہواری صفدر علی خان پیشکار کی تنخواہ میں اضافہ کئے جائیں۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب ہوم سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب فنانشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۵ اپریل ۱۹۲۶ء

مثنہ رپورٹ بخشی صاحب فوج دربارہ اضافہ سید ایوب حسن اہلمد بخشیگری۔

حکم

سید ایوب حسن اہلمد بخشیگری کی موجودہ تنخواہ میں حسب سفارش بخشی صاحب فوج یکم اپریل ۱۹۲۶ء سے دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ بغرض تعمیل اجرائے احکام محکمہ صدر کو مرسل ہو۔

علمی ذخیرہ

اعلحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہیں ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے۔ خود بھی خرید فرماکر پڑھیے اور احباب کو دکھلائیے۔

قول شافی ۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے۔ اس کی عمدگی اس کے نام سے ظاہر ہے جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف مے ۱ر

التوحید ۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے اس میں خداوند عالم کے وجود اس کی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اس کی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک مے ۱۲ر ۱ر

خصائص معاویہ ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات میں ہے جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے۔ بعض مطالب کا اس میں اضافہ کیا گیا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک عہ ۲ر ۱ر

جس قدر نسخے مطلوب ہوں درخواست منصرم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت میں ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپ کر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتداے ۱۲ لغایت ۱۸ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم						۱۰۶ار	
نخود خالص						۹ ار	
نخود گسہ آمیز						۱۰ ار	
کسہ						۱۱ ار	
ماش						۵ ار	
مونگ						۵ ار	
مکا						ندارد	
جئی						۱۲ ار	
گوجئی						۱۰۹ار	
عدس						۸ ار	
ارہر						۱۰۱۰ار	
برنج						۵ ار	
روغن زرد						۔۶۸ار	
روغن سیاہ						۱۰۱ار	
روغن کنجد						۱ ار	
نمک سانبھر						۱۳ ار	
نمک لاہوری						۸ ار	
قند سیاہ						۵ ار	
باجرہ						ندارد	